سوال

(610) عورت کا اپنے شوہر کے ساتھ ایک مدت کے بعد راضی نا رہنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت سات سال تک اپنے شوہر کے ساتھ رہی اور اب وہ دعویٰ کرتی ہے کہ وہ اس کے ساتھ راضی نہیں ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کے مکتوب اور لف شدہ اوراق اور صریح گواہیوں کی روشنی میں کہ عورت سات آٹھ سال تک اپنے شوہر کے ساتھ رہی، ظاہر ہوتا ہے کہ یہ نکاح صحیح تھا۔ لہذا اس کے برخلاف جو شہادات ہیں کہ عورت کا رہنا اور اپنے شوہر کو ناپسند کرتی ہے، ناقابل توجہ ہیں۔ ہاں ان میں جمع و مطابقت یہ ہو سکتی ہے کہ شاید یہ ابتدا میں ناپسند کرتی تھی، پھر قبل از عقد راضی ہو گئی، یا یہ پہلے راضی تھی پھر جب زواج مکمل ہوا تو یہ ناپسند کرنے لگی۔ بہر حال اس کا اس طویل مدت تک اس شوہر کے ساتھ رہنا، جبکہ اس کی رضامندی کی صریح شہادتیں بھی موجود ہیں، دلیل ہیں کہ یہ نکاح صحیح تھا۔ لیکن اگر ان کا باہمی اکٹھا رہنا مشکل ہو اور آپ مناسب سمجھیں کہ ان کو علیحدہ ہو جانا چاہیئے، تو ان کے سامنے یہ صورت رکھ سکتے ہیں، اس میں کوئی حرج نہیں ہے بشرطیکہ یہ علیحدگی ان دونوں کی رضامندی سے ہو۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 435

محدث فتویٰ